aglasem.com

FOR KARNATAKA CLASS 12 PREPARATION

Karnataka 2nd PUC Model Question Paper 2027 for Urdu (Paper 5)

EXAM	YEAR	TYPE	SUBJECT
Karnataka Class 12	2027	Sample Paper	Urdu

GOVERNMENT OF KARNATAKA

KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD

6TH CROSS, MALLESHWARAM, BENGALURU – 560 003

2026 -27 I PUC MODEL QUESTION PAPER – 5

SUBJECT: URDU (08) **MAXIMUM MARKS:80**

TIME: 03 HOURS **NUMBER OF QUESTIONS:49**

ضروری ہدایات: ۱) تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ ۲) ہر سوال کے محاذی نشان درج ہیں۔

۳) اس سوالیہ پرچے کے چار حصے الف، ب، ج اور دہیں اور ان میں سے حصہ "الف" کے سوالوں کے جوابات جو پہلی مرتبہ لکھے گئے ہیں صرف انہی کی جانچ ہوگی۔

حصہ - '' الف''

I. (الف) درجِ ذیل سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔ 5X1=5

1. ٹیپو سلطان کی مذہبی رواداری کی حقیقت کو سمجھنے کے لیے ہمیں کون سی معلومات اہم ہے؟

A. ان کے خطوط اور تحریریں
B. صرف تاریخ کی کتابیں
C. مقامی کہانی
D. عیسائی تاریخ

2. سوشیل میڈیا اس طرح روایتی میڈیا سے مختلف ہے؟

A. سوشیل میڈیا میں سینسر شب کا نظام ہے
B. سوشیل میڈیا میں زبردست عالمی پہنچ ہے
C. سوشیل میڈیا صرف تفریح کے لیے استعمال ہوتا ہے
D. روایتی میڈیا زیادہ طاقتور ہے

3. فاروقی صاحب کی والدہ کے خاندان میں کس مسلک کے لوگ زیادہ تر پائے جاتے ہیں؟

A. دیوبندی
B. بریلوی
C. سلفی
D. حنفی

4. "خدا حافظ" کا تعلق کس صنف سے ہے؟

A. افسانہ
B. فیچر
C. انشائیہ
D. ڈرامہ

5. سید محمود صاحب طشتری میں کیا لے کر نکلے؟

A. چائے
B. شکر
C. روٹی
D. دانہ

aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com

(ب) قوسین میں دیے گئے جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر ان کہاوتوں کی خالی جگہوں کو پر کیجیے۔ **5X1=5**

(ایک، کھجور، مچھلی، مرگ، ٹانگ، مگرمچھ)

6. آسمان سے گرا _____ میں اٹکا۔
7. پانی میں رہ کر _____ سے بیر۔
8. مرغ کی ایک _____۔
9. سوسنار کی _____ لوہار کی۔
10. دوملاؤں میں _____ حرام۔

(ج) "لف" میں دیے گئے ضرب الامثال کو "ب" میں دیے گئے مفہوم سے جوڑیئے۔ **5X1=5**

الف	ب
11. نیکی اور پوچھ پوچھ	i. کوئی شئے مطلوبہ مقدار سے کم دستیاب ہو
12. اونٹ کے منہ میں زیرہ	ii. اعمال کے مطابق زندگی خوش حال یا بدحال ہوتی ہے۔
13. عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی	iii. نیک کام کرنے کے لیے اجازت کی کیا ضرورت ہے
14. بازیچہ اطفال ہے دنیا مرے آگے	iv. صرف بہادر لوگ ہی شکست کا سامنا کرتے ہیں۔
15. گرتے ہیں شہسوار ہی میدانِ جنگ میں	v. دنیا حقیقت میں عارضی اور کھیل جیسی ہے

(د) ذیل کے سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔ **5X1=5**

16. بڑھاپا اکثر کیا ہوا کرتا ہے؟
17. منٹو کے لیے بائیں ہاتھ کا کھیل کیا تھا؟
18. عائشہ کے شوہر نے بارہا کس بات سے منع کیا تھا؟
19. کرسی کے دیکھنے کو کس کے دیکھنے کے مماثل قرار دیا گیا ہے؟
20. ہم ساری دنیا کو کونسے دو پہلوؤں سے دیکھتے ہیں؟

حصہ - ''ب''

II. (الف)ذیل میں سے کسی چار کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 4X2=8

21. بدھ رام اور روپا طبیعت کے کیسے تھے؟

22. احمد شاہ بخاری نے منٹو سے کیا کہا اور منٹو نے کیا جواب دیا؟

23. نیوز تنظیمیں سوشیل میڈیا کیوں لازم و ملزوم بن گئے ہیں؟

24. ادب کی تعریف میں مختلف لوگ کیا کہتے ہیں؟

25. شیخ صاحب کن باتوں کو مہمل سمجھتے تھے؟

26. غالبؔ نے کن کن غموں کا ذکر کیا ہے؟

(ب)مندرجہ ذیل میں سے کسی چار کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 4X2=8

27. شاعر کونسے راستے پر نہیں چلانے کی بات کر رہا ہے؟

28. خدا کو اپنے محبوب کی سوگند دے کر شاعر نے اس سے کیا طلب کیا ہے؟

29. عورت کو کس کی کان کہا گیا ہے؟

30. شاعر نے انقلاب کے تعلق سے نوجوانوں کو کس بات کی تلقین کی ہے؟

31. شاعر نے امن اور محبت کی اہمیت پر کیوں زور دیا ہے؟

32. صبح کے نمودار ہوتے ہی کیا ہوا؟

(ج)مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 1X2=2

33. شاعر نے نظم میں 'کلمہ پڑھتے پڑھتے نیند آجاتی تھی' کا استعمال کیوں کیا ہے؟ اس کی اہمیت بیان کریں۔

34. "نہ دل میں جذبۂ نفرت نہ لب پہ غیبت ہو" کے تناظر میں، آپ معاشرتی مسائل کے حل کے لیے کن مثبت اقدار کو اپنا سکتے ہیں؟

III. (الف)ان میں سے کسی دو سوالات کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے۔ 2X4=8

35. ٹیپو نے اپنے والد حیدر علی کی ہندوؤں کو ذمہ دار عہدوں پر مامور رکھنے کی پالیسی کو کس طرح جاری رکھا؟

36. وقت کی قدر و قیمت اور اس کی بھاگ انسان سے کیا چاہتی ہے؟

37. فاروقی صاحب کے نزدیک اردو کی ترقی میں کس کا کردار اہم ہے؟

38. کرسی کے جال میں انسان کی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟

aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com

(ب) کسی دو جملوں کی بحوالہ متن وضاحت کیجیے۔ 2X2=4

39. "کسے پکاروں۔ آج لاڈلی بھی نہیں آئی۔"

40. "آپ تو بہت بیمار ہیں آپ کیوں آئے۔"

41. "کلمہ پڑھ کر سو جاؤ۔"

42. "اے تو لاؤ امام ضامن باندھ دوں اور ذرا سا دہی چکھ لو۔"

حصہ - "ج"

IV. 43. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے۔ 1X4=4

i. مثنوی گلزارِ نسیم ii. اے شریف انسانو iii. ترانۂ کرناٹک

44. ذیل میں دیے کسی چار اشعار کی تشریح کیجیے۔ 4X2=8

i. سب کام آپس کے سونپ کے حق کوں، نچنت ہو — یہ ہے تمام مقصدِ گفت و شنید یہاں

ii. ہستی سے زیادہ ہے کچھ آرام عدم میں — جو جاتا ہے یہاں سے وہ دوبارا نہیں آتا

iii. جو تجھ کو پایا تو کچھ نہ پایا، یہ خاکداں ہم نے خاک پایا — جو تجھ کو دیکھا تو کچھ نہ دیکھا، تمام عالم خراب دیکھا

iv. قدم آہستہ اے امید رکھنا خانۂ دل میں — کہ میری آرزو آغوشِ محرومی میں سوتی ہے

v. وہ شورشیں نظامِ جہاں جن کے دم سے ہے — جب مختصر کیا انھیں انساں بنادیا

45. کسی ایک قطعہ کی تشریح کیجیے۔ 1X4=4

i. درد ہی درد بھر گیا دل میں — اتنا حساس کردیا غم نے

جب کسی آنکھ سے گرا آنسو — اپنی پلکوں پہ لے لیا ہم نے

ii. اٹھے اور اٹھ کے اچانک سفر کا منظر ہے — نہ ہم سفر ہی، نہ رختِ سفر، نہ رہبر ہے

نظر سے کس لیے اوجھل ہے آخرت کا سفر — یہی سفر تو، ہر اک شخص کا مقدد ہے

حصہ "د"

V. 46. ذیل میں سے کسی چار محاورات کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 4X1=4

i. ہاتھ دھو کر پیچھے پڑنا ii. شوق چورانا iii. ناک کٹ جانا

iv. ایڑی چوٹی کا زور لگانا v. پیچ و تاب کھانا vi. آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا

aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com

47. ان میں سے کسی ایک کی مع مثال تعریف کیجیے۔ 1X2=2

i. صنعتِ تجنیس ii. صنعتِ مبالغہ

48. بارش کے موسم میں ندی کے پانی سے بھر جانے والے اسکول کی عمارت کی مرمت کے لیے تحصیلدار کے نام ایک خط لکھیں اور احتیاطی اقدامات کا مطالبہ کریں۔ 4

49. ذیل کے جملوں کا انگریزی یا کنڑ زبان میں ترجمہ کیجیے۔ 4

i. ہمیں اپنے اساتذہ کی عزت کرنی چاہیے۔

ii. زندگی خوشیوں اور غموں سے بھری ہوئی ہے۔

iii. ہم ہر سال یومِ اساتذہ مناتے ہیں۔

iv. کتاب ہماری بہترین ساتھی ہے۔

****